## سیدکمال مرحوم پاکستان کے ایک عظیم فنکار تھے۔الطاف حسین
## سیدکمال مرحوم کی پہلی برسی کے موقع پر مرحوم کوالطاف حسین کا زبردست خراج عقیدت
## سیدکمال مرحوم کی بیوہ اور تمام اہل خانہ سے الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔یکم اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ملک کے ممتاز فنکار سید کمال مرحوم کی پہلی برسی کے موقع پر اپنے ایک بیان میں مرحوم کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ سید کمال مرحوم پاکستان کے ایک عظیم فنکار تھے جنہوں نے برسوں تک اپنی اداکاری کے ذریعے فلم انڈسٹری کی خدمت کی ۔اپنی ضعیف العمری کے باوجود سید کمال مرحوم نے ایم کیوایم کے پلیٹ فارم سے پاکستان میں غریب ومتوسط طبقہ کی حکمرانی کے پیغام کو پھیلانے میں بھی خدمات انجام دیں۔ان کی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ جناب الطاف حسین نے سید کمال مرحوم کی بیوہ اور تمام اہل خانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ کمال مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے۔ انہوں نے کارکنان وعوام سے بھی کہا کہ وہ سید کمال مرحوم کے ایصالِ ثواب کیلئے دعا کریں۔

## سابق صوبائی وزیر سہراب سرکی کی نائن زیرو عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات
## ایم کیوایم کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔یکم،اکتوبر2010ء

سابق صوبائی وزیر سہراب سرکی نے جمعہ کی شام ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد کا دورہ کیا اور رابطہ کمیٹی کے ارکان اشفاق منگی اور یوسف شہوانی سے ملاقات کی اور ڈاکٹر عمران فاروق کے المناک شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔اس موقع پر حق پرست رکن سندھ اسمبلی معین عامر پیرزادہ اور ایم کیوایم شعبہ اطلاعات کے جوائنٹ انچارج قمر منصور بھی موجود تھے۔سہراب سرکی نے ڈاکٹر عمران فاروق کے قتل پر شدید الفاظ میں مذمت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ عمران فاروق کا قتل نہ صرف ایم کیوایم کیلئے بڑا سانحہ ہے بلکہ ملک کی سیاست کا بھی بڑا نقصان ہے۔انہوں نے امید ظاہر کی برطانوی حکومت جلد از جلد عمران فاروق شہید کے قاتلوں کو گرفتار کر کے کیفر کردار تک پہنچائے گی۔انہوں نے ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی مغفرت ان کے سوگوار والدین اور ایم کیویم کے قائد جناب الطاف حسین سمیت تمام کارکنان کیلئے صبر جمیل دعا بھی کی۔

## بجلی کی قیمتوں میں 2 فیصد اضافہ فی الفور واپس لیا جائے،رابطہ کمیٹی
## حکومت اپنے غیر ضروری اخراجات میں کمی کرے،حالیہ بجلی کی قیمتوں میں اضافہ کا اثر بھی براہِ راست غریب عوام پر ہی پڑے گا

کراچی۔۔۔یکم،اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے حکومت کی جانب کے ای ایس سی سمیت بجلی کی تقسیم کار دیگر کمپنیوں کو بجلی کی قیمتوں میں 2 فیصد اضافے کا نوٹیفیکیشن جاری کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ حکومت اپنے غیر ضروری اخراجات کم کرے اور بجلی کی قیمتوں میں 2 فیصد اضافے کا فیصلہ فی الفور واپس لے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ملک پہلے ہی معاشی بدحالی کا شکار ہے،عوام مہنگائی کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں اور اپنے بچے تک بیچنے پر مجبور ہیں اور ایسے میں بجلی کی قیمتوں میں اضافہ کا نوٹی فیکیشن جاری کرنا براہِ راست غریب عوام کو مہنگائی کے بوجھ تلے دبانا ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ماضی میں بھی بجلی کی قیمتوں میں اضافے کا بوجھ غریب عوام ہی جھیل رہے ہیں اور حالیہ بجلی کی قیمتوں میں اضافہ روزمرہ استعمال کی اشیاء کی قیمتوں میں اضافے کا سبب بنے گا جو غریب عوام کی کمر توڑنے اور ان پر ظلم کے مترادف ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ملک کی معاشی وصنعتی صورتحال پہلے ہی بہت خراب ہے،بجلی کے اس اضافے سے صنعتیں بند ہو جائیں گی،صنعتوں میں خام مال کی تیاری میں زیادہ لاگت آئے اور (Cost Of Doing Busines) بڑھ جائے گی جس کے باعث ملک کی اشیاء کی ملکی اور بین الاقوامی سطح پر مانگ میں کمی واقع ہوگی، برآمدات متاثر ہوں گی اور ملک کے زرمبادلہ میں میں ( کاسٹ آف ڈوئنگ بزنس ) کمی واقع ہوگی۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ملک میں بجلی مہنگی ہونے کی وجہ سے صنعتیں پہلے ہی بحران کا شکار ہیں،ان سے وابستہ لاکھوں افراد کا مستقبل بھی خطرے سے دوچار ہو جائے گا۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ اس اضافے سے عام انسان مزید معاشی وبدحالی کا شکار ہوگا۔رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ کے ای ایس سی سمیت بجلی کی تقسیم دیگر کمپنیوں کو بجلی کی قیمتوں میں 2 فیصد اضافہ فی الفور واپس لیا جائے،عوام کو سبسڈی فراہم کی جائے اور اس ضمن میں مزید ٹھوس اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

## ایم کیوایم بلوچستان کے تحت سانحہ 30 ستمبر حیدرآباد اور سانحہ یکم اکتوبر کراچی 1988 کے شہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی قرآن خوانی کا اجتماع صوبائی دفتر ''بلوچستان ہاؤس'' کوئٹہ میں منعقد ہوا، شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا

کوئٹہ۔۔۔یکم، اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ بلوچستان کے زیراہتمام گزشتہ روز سانحہ 30 ستمبر حیدرآباد اور سانحہ یکم اکتوبر کراچی 1988ء کے شہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا اجتماع ہوا۔شہداء کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماع کا اہتمام صوبائی دفتر ''بلوچستان ہاؤس'' کوئٹہ میں کیا گیا جس میں ایم کیوایم بلوچستان کے صوبائی سیکریڑی فنانس ڈاکٹر ارباب عبدالغنی کانسی، صوبائی آفس سیکریٹری انتظار حسین، ضلعی آرگنائزر سید سلیم اختر ایڈووکیٹ، ضلعی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن نعیم یوسف زئی، ذمہ داروں، کارکنوں اور ہمدردوں عوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پر شرکاء نے سانحہ 30 ستمبر حیدرآباد اور سانحہ یکم اکتوبر کراچی 1988ء کے شہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی کی اور شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔بعدازاں اجتماعی دعا کی گئی جس میں شہداء کے بلند درجات، لواحقین کیلئے صبر جمیل، حق پرستانہ مشن ومقصد کی کامیابی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعا کی گئی۔

## ایم کیوایم ملیر سیکٹر کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔یکم، اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 101 کے کارکن عبدالرحمٰن کے والد سید عبدالغنی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆